© rasailojaraid.com



# رسید تحائف احباب

مجلہ فقہ اسلامی کے قارئین اور ہمارے بعض محبین نے حسب ذیل علمی تحائف ہمیں بھیجے ہیں ہم اپنے ان احباب کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور اللہ تعالی سے دعاء گو ہیں کہ وہ مرسلین کو اجر جزیل سے سرفراز فرمائے (آمین) مجلس ادارت۔

جامعہ امام ربانی مجدد الف ثانی کے بانی ومہتمم جناب سید احمد علی شاہ صاحب سیفی نے ہمیں مجموعہ رسائل کی جلد دوم عنایت کی ہے جو ایک ہزار ستر صفحات پر مشتمل ہے۔ اس جلد میں شاہ صاحب کے اپنے رسائل مجلد صورت میں شامل ہیں۔ ان رسائل میں سے بعض اہم حسب ذیل ہیں۔

سنن کے بعد دعاء کا حکم

فرائض کے بعد دعاء کا حکم

نماز جنازہ کے بعد دعاء کا حکم

نماز عیدین کے بعد مصافحہ ومعانقہ کا حکم

اثبات الوجد فی الصلوۃ

مسائل عمامہ شریف

مسجدوں میں کفار کے داخل ہونے کا جواز

جواز صدقات بر فقراء سادات

مجموعہ رسائل کی پہلی اور تیسری جلد بھی بطفیل شفاعتِ رسول انشاء اللہ جلد ہمیں موصول ہونے کی امید ہے۔ دوسری جلد کا ہدیہ صرف تین سو روپے ہے۔ اور یہ مارکیٹ میں موجود ایسی ضخیم کتب کے مقابلہ میں بہت کم ہے۔ کتاب، جامعہ امام ربانی مجدد الف ثانی بالمقابل پٹرول پمپ فقیر کالونی، اورنگی ٹاؤن کراچی سے منگوائی جاسکتی ہے۔

لاہور سے علمی وتحقیقی مجلہ منہاج کے ایڈیٹر جناب حافظ علامہ محمد سعد اللہ صاحب نے ہمیں ایک خوبصورت تحفہ ارسال کیا ہے جس کی لوح پر یہ عنوان درج ہے ۔۔۔ حب رسول اور صحابہ کرام ۔۔

مستحب وہ امر ہے کہ جس کا کرنا ثواب اور نہ کرنے پر کوئی گناہ نہ ہو (اصول فقہ)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



(مظاہر محبت)۔ جناب حافظ سعد اللہ صاحب حافظ کے نام سے ایسے ہی مشہور ہو گئے ہیں جیسے حافظ شیرازی، ورنہ اپنے رسوخ فی العلم کے اعتبار سے وہ بلا شبہ علامہ ہیں۔ ان کی علمی کاوشیں مجلہ منہاج آف دیال سنگھ ٹرسٹ میں شائع ہوتی رہتی ہیں۔ دیگر ملکی مجلات ان کے مضامیں اہتمام سے شائع کرتے ہیں۔

زیر نظر کتاب کے اہم ابواب حسب ذیل ہیں۔ صحابہ کرام کی عقیدت ومحبت رسول ﷺ صحابہ کی طرف سے دفاع وحفاظتِ رسول ﷺ، صحابہ کی اطاعت واتباع رسول ﷺ، صحابہ کا فرمان رسول کے مطابق عمل، صحابہ کا تمنائے رسول کے مطابق عمل، صحابہ کی تعظیم وتوقیر رسول، صحابہ کا تبرک بالرسول، سیرت طیبہ کے عملی پہلوان ابواب میں بڑی خوبصورتی سے سمودئے گئے ہیں۔ جناب حافظ صاحب کا ہم پر یہ کوئی پہلا کرم نہیں بلکہ اس سے قبل بھی وہ ہمیں اپنی متعدد علمی کاوشیں ارسال فرما چکے ہیں، جن میں نبی کریم ﷺ کی عائلی زندگی، وہ اپنے پرائے کا غم کھانے والے اور مجلہ منہاج کے متعدد شمارے شامل ہیں۔

چار سو صفحات پر مشتمل اس عنبریں تحفہ کا ہدیہ تین سو روپے ہے۔ خوبصورت جلد مع غلاف، کتاب کے ناشر بڑے شعور والے ہیں، جن کا پتہ ہے، دارالشعور 37 مزنگ روڈ، بک سٹریٹ، لاہور پاکستان۔

سرگودھا سے حضرت علامہ شیخ الحدیث غلام رسول قاسمی صاحب نے اپنی کتاب ضابطہ حیات کا تحفہ ہمیں ارسال کیا ہے۔ یہ کتاب اسلامی زندگی اور صحیح عقائد واعمال کے بعض ضوابط کا احاطہ کرتی ہے۔ کتاب میں ذکر، استغفار، دعاء، محبت الٰہی، شان رسالت، کا ابتداء تذکرہ ہے پھر شان رسالت پر قرآن کریم کی آیات بینات سے استشہاد کیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں اسلام کا سیاسی ضابطہ، اور اسلام کا معاشی ضابطہ کے عنوان سے کئی ذیلی مسائل کا تذکرہ ہے۔ اس کتاب کو حضرت علامہ مفتی عبدالقیوم ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ نے حکیمانہ فکر قرار دیا ہے۔ کتاب مجلد ہے اور ۲۰۰ روپے میں رحمۃ للعالمین پبلی کیشنز بشیر کالونی سرگودھا سے حاصل کی جا سکتی ہے۔

حضرت علامہ غلام رسول قاسمی صاحب نے اپنی دوسری کتاب المستند ہمیں ارسال کی ہے جو عربی میں ہے۔ اور فقہ حنفی کے اہم مباحث کو احادیث مبارکہ سے ثابت کرتی ہے۔ کتاب کے عنوانات میں دیگر کتب فقہ و حدیث سے کچھ تفرد بھی پایا جاتا ہے۔ حضرت مولف نے کوشش کی ہے کہ عبادات وعقائد کا ایسا مجموعہ مرتب ہو جائے جو وقت کی ضرورت ہے اور فقہی مسائل سے متعلق احادیث مبارکہ ہر باب میں اس طرح یکجا

| |
|---|
| حرام وہ فعل ہے کہ جس کے نہ کرنے کا لازمی مطالبہ کسی دلیل قطعی سے ثابت ہو (اصول فقہ) |

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہو جائیں کہ قاری کو مسئلہ کی تلاش میں دقت نہ ہو۔ اللہ تعالی ان کی اس کوشش کو شرف قبولیت عطا فرمائے (آمین)

کتاب ۲۸۰ صفحات پر مشتمل ہے اور بیروت کی کتب کی طرز پر مجلد شائع ہوئی ہے۔

راولپنڈی سے بزرگ عالم دین حضرت علامہ سید ذاکر حسین شاہ صاحب سیالوی دامت برکاتہم نے ہمیں جو تحفہ کتب ارسال کیا ہے اس کی فہرست ہم گزشتہ شمارے میں شائع کر چکے ہیں۔ ان میں ایک کتاب کا نام مطبعی خطا کے باعث درست شائع نہ ہوسکا۔ یہ کتاب ہے عظمتِ علم الرسول ﷺ ۔ کتاب ۶۰ صفحات پر مشتمل ہے اور نبی اکرم ﷺ کے علم سے متعلق دلائل و براہین پر مشتمل ہے۔ اگرچہ علم رسول کے بارے میں قرآن کریم کی یہ آیت **وعلمک مالم تکن تعلم وکان فضل اللہ علیک عظیما** فیصلہ کن اور کافی و وافی ہے اور اس کے بعد حضور ﷺ کے علم کو کسی فیتے اور ٹوپے سے ناپنے کی ضرورت نہیں لیکن کیا کیا جائے کہ مسلمانوں میں بعض لوگوں نے اپنے مخصوص مقاصد کے حصول کے لئے ایسی بحثیں چھیڑ دی ہیں کہ جن پر صدیوں سے بحث جاری ہے۔ اور ضد اور ہٹ دھرمی ان بحثوں کا کوئی نتیجہ تسلیم ہونے نہیں دیتی۔ شاہ صاحب نے خود کو اس بحث میں الجھائے بغیر علم رسالت مآب ﷺ کے بارے میں دلائل و براہین جمع فرمادئے ہیں۔ کتاب پر کوئی ہدیہ درج نہیں، جس کا یہ مطلب لیا جاسکتا ہے کہ ضرورت مند اور محبین علماء و طلبہ حضرات یہ کتاب جامعۃ الزہراء عثمان کالونی مصریال روڈ راولپنڈی سے ہدیۃ حاصل کر سکتے ہیں۔ عام آدمی کے پڑھنے کی کتاب نہیں کہ اس کی تمام عبارات عربی وفارسی میں ہیں۔


جناب سید محمد فاروق القادری

کی فکر انگیز کتاب

**اصل مسئلہ معاشی ہے**

شائع ہوگئی

ناشر: ادارہ پاکستان شناسی لاہور

ڈسٹری بیوٹر: اورینٹل پبلی کیشنز تجمل ٹاور، دربار مارکیٹ گنج بخش روڈ لاہور


© rasailojaraid.com